# ذہنی امراض کا تعارف

**(INTRODUCTION TO MENTAL ILLNESS)**

جدید ترین    بااخلاق عملہ

علاج

## کراچی نفسیاتی ہسپتال

**قائم شدہ 1970**

**Email: kph@cyber.net.pk**
**Web site: http://www.kph.org.pk**

منتظم اعلیٰ

**ڈاکٹر سید مبین اختر**

(ایم۔ بی۔ بی۔ ایس، ڈپلومیٹ بورڈ آف سائیکاٹری اینڈ نیورولوجی، (امریکہ)

**شاخیں**

ناظم آباد نمبر **3**    فون نمبر
**6612187-6610366**
پی-ای-سی-ایچ-ایس شاخ    **6616837**
لانڈھی السید سینٹر
**5013533-5016532**
کراچی اعصابی کلینک (ناظم آباد نمبر **1**)    **6686468**
کراچی منشیات ہسپتال    (ناظم آباد نمبر 3)
**6681610-6610707**

# ذہنی امراض کا تعارف
# (INTRODUCTION TO MENTAL ILLNESS)

اکثر ذہنی مریضوں میں اپنی بیماری کا شعور نہیں ہوتا. اس پر ستم ظریفی یہ کہ ان کے عزیز و اقارب بھی علاج کیلئے نام نہاد عاملوں، فقیروں اور مزارات کی طرف رجوع کرتے ہیں. اس لئے اس مرض کو پہچانئے اور نجات حاصل کیجئے.

## علامات (SYMPTOMS)

ذہنی امراض کی عمومی علامات مندرجہ ذیل ہیں. ہر مریض میں ان میں سے چند ہی پائی جاتی ہیں.

نیند اور بھوک کی کمی یا زیادتی، اُداسی، مایوسی، رونا، گھبراہٹ، سردرد، خوف، موت کی خواہش خودکشی کے خیالات، غصہ، بے چینی، چکر، موت کا خوف، نوجوانوں کے جنسی مسائل، مثلاً مشت زنی، سرعت انزال، نامردی، جریان، قطرے آنا، عضو مخصوص کا ٹیڑھا ہونا، نس ابھر آنا، لمبائی یا موٹائی میں کمی، احتلام، لیکوریا، خوف مباشرت دیگر ازدواجی مسائل، کانوں میں غیبی آوازیں آنا، انسان یا جانوروں کی تصویریں نظر آنا، بے سبب خوشبو یا بدبو کا احساس، دوسروں پر دشمنی کا شک، تشدد اور مار پیٹ، اس طرح کے خیالات کہ جادو یا سفلی عمل کر دیا گیا ہے یا سراغ رساں ادارے پیچھا کر رہے ہیں. ملازمت یا کام نہ کرنا، جنونی کیفیت، حد سے زیادہ فیاضی اور دریادلی کا بڑھ جانا، عبادت میں بہت زیادتی، ایک دم دین کی کثرت سے تبلیغ بے ڈھنگے طریقے سے شروع کر دینا، بہت زیادہ باتیں کرنا، مباحثے کرنا، بڑے بڑے اور ناقابل عمل منصوبے بنانا، خیالی پلاؤ پکانا، خواتین میں بناؤ سنگھار میں بے تحاشہ اور غیر معمولی حد تک اضافہ ہو جانا، بے تحاشہ اور بے کار کام کرنا، یا اس کے برعکس بالکل خاموش اور پژمردہ ہو کر سب سے الگ تھلگ رہنا. مختلف قسم کے بے جا خوف مثلاً ہوائی جہاز کے سفر کا خوف، بند جگہوں خصوصاً لفٹ وغیرہ کا سامنا کرنے کا خوف، بادلوں کی گرج اور بجلی کی چمک کا خوف، پانی کا خوف، مختلف قسم کے کیڑے مکوڑوں مثلاً لال بیگ وغیرہ کا خوف.

بے ہوشی یا غیر معمولی حرکات کے دورے گھبراہٹ کے شدید دورے، ایسی کیفیت میں دل تیز دھڑکتا ہے، سانس پھول جاتا ہے یا سانس بند ہوتا ہوا محسوس ہوتا ہے اور بالکل ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے دل کا دورہ پڑ رہا ہو مگر ڈاکٹر معائنہ کر کے بتاتے ہیں کہ دل کی کوئی بیماری نہیں ہے۔

بعض اوقات سانس گھٹتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ پیٹ میں گیس محسوس ہوتی ہے اور دل کی طرف گولا سا اٹھتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ کبھی قبض کبھی پتلی اجابت، ڈکاریں بدہضمی، سینے میں جلن، جسے لوگ گیس کی بیماری کہتے ہیں۔ لو بلڈ پریشر اور کمزوری کا احساس، بعض لوگ گندگی کے وہم میں اس درجہ مبتلا ہوتے ہیں کہ سینکڑوں بار پاک کر کے بھی اطمینان نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ، رسول ﷺ قرآن اور دوسری مقدّس چیزوں کے بارے میں نا قابل بیان توہین آمیز خیالات آتے ہیں اور چاہتے ہوئے بھی ان خیالات سے نجات نہیں ملتی جس کے سبب زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔

بچوں میں بے جا شرارت یا پڑھائی میں کمزوری والدین کو پریشان کئے رکھتی ہے اور کسی قسم کی سزا کارگر نہیں ہوتی، بعض بچے تو ذہنی طور پر اتنے زیادہ کمزور ہوتے ہیں کہ ابتدائی چیزیں بھی نہیں سیکھ سکتے۔

بسا اوقات بزرگوں میں اس درجہ بھول بڑھ جاتی ہے کہ لوگوں کے نام تک یاد نہیں رکھتے، گھر کا راستہ بھول جاتے ہیں۔

نشہ آور اشیاء کا استعمال مثلاً ہیروئن، چرس، شراب، مسکن ادویات وغیرہ وغیرہ۔

## علاج (TREATMENT)

### ہسپتال میں داخلہ (HOSPITAL ADMISSION)

اگر مرض بہت شدید ہو یا مریض سے اس کی اپنی یا دوسرے عزیز و اقارب کی جان کو خطرہ ہو۔ یا گھر میں توڑ پھوڑ کرتا ہو۔ یا کسی نشے میں مبتلا ہو تو علاج کیلئے ہسپتال میں داخل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ خواتین کا شعبہ بالکل علیحدہ ہے اور مرد حضرات کا علیحدہ۔ ایئر کنڈیشنڈ کمرے بھی موجود ہیں اور غریبوں کیلئے

رعائتی شعبہ بھی ہے. مریض کے ساتھ کسی کو رہنے کی مطلق ضرورت نہیں ہوتی. کھانا و ادویات سب ہسپتال سے دی جاتی ہیں.

## بیرونی مریض (OUT PATIENT)

اگر مریض توڑ پھوڑ نہ کر رہا ہو اور علاج میں تعاون کر رہا ہو تو بیرونی مریض کی حیثیت سے علاج کیا جاتا ہے اس کیلئے ناظم آباد، شمالی ناظم آباد، رمپا پلازہ ایم اے جناح روڈ اور السید سینٹر لانڈھی میں واقع معالجاتی مراکز میں تشریف لا سکتے ہیں.

## ادویات (MEDICATION)

عام طور پر مریضوں کا ادویات کے ذریعے علاج کیا جاتا ہے. یہ ادویات انجکشن اور گولیوں کی شکل میں دی جاتی ہیں. ذہنی امراض کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویات کا اثر عموماً پانچ چھ ہفتہ کے مسلسل استعمال سے ہوتا ہے. یہ ادویات انتہائی موثر اور جدید تحقیقات پر مبنی ہوتی ہیں. علامات کے رفع ہونے کے بعد بھی کچھ عرصے ادویات کا استعمال جاری رکھنا ضروری ہوتا ہے. بصورت دیگر مرض کے دوبارہ لوٹ آنے کا امکان ہوتا ہے.

## مشین کا علاج (TREATMENT MACHINE)

کچھ امراض میں ادویات کے ساتھ ساتھ مشین کے ذریعہ علاج بھی ضروری ہوتا ہے. یہ علاج بے ہوش کر کے بھی کیا جاتا ہے اور بغیر بے ہوش کئے بھی یہ علاج عموماً انتہائی موثر اور بے ضرر ہوتا ہے. لیکن بعض کیفیات میں اس کی تعداد میں اضافہ یا کمی کردی جاتی ہے.

## علاج بذریعہ گفتگو (PSYCHOTHERAPY)

ادویات اور مشینی علاج کے ساتھ ساتھ مریض کے مسائل کا جائزہ لینے اور ان کے حل کرنے میں مریض کی مدد کرنے کی ضرورت ہوتی ہے. ذہنی مریضوں

کواوران کے عزیز واقارب کو ایک ایسے باصلاحیت غمگسار کی ضرورت ہوتی ہے جوان کے مسائل کے حل میں ان کی خاطر خواہ رہنمائی کر سکے تا کہ مسائل کی یلغار مریض کے ذہنی سکون کو پھر سے تہہ وبالا نہ کر دے۔

## سکون کے ذریعہ علاج
## (RELAXATION AND DESENSITIZATION)

خوف اور چند دیگر امراض میں مریض کو سکون پہنچا کر بیماری کی علامات دور کی جاتی ہیں یہ انتہائی موثر اور زوداثر علاج ہے۔

## ماہرین سماجی مسائل کی خدمات
## (SOCIAL WORKERS)

معالجین و ماہرین کے علاوہ ہسپتال میں ماہرین سماجی مسائل بھی کام کرتے ہیں جو کہ مریض اوران کے اہل خانہ کی مدد اور رہنمائی کیلئے ہمہ وقت موجود ہوتے ہیں اور علاج میں ماہرین کی مدد کرتے ہیں۔ مریض اوران کے عزیز و اقارب کو بیماری کی نوعیت اور علاج کی تفصیلات سے بھی آگاہ کرتے ہیں۔

## ادویات کی فراہمی (MEDICAL STORE)

مریضوں کو ارزاں قیمت میں ادویات فراہم کرنے کیلئے ہسپتال میں ادویات کی دوکان موجود ہے۔

## سند یافتہ ماہرین :

ہسپتال میں کئی سند یافتہ اور تجربہ کار ماہرین ذہنی امراض کام کر رہے ہیں۔ ان کے علاوہ ہسپتال کے عملے میں مستند معالجین، ماہرین نفسیات، ماہرین سماجی مسائل شامل ہیں۔ منتظم اعلیٰ ڈاکٹر سید مبین اختر ہیں جو نہایت تجربہ کار ماہر ذہنی و اعصابی و جنسی امراض ہیں اور امریکہ سے سند یافتہ ہیں۔

## رعایتی علاج :

غریب مریضوں کے علاج کیلئے رعایتی علاج کا شعبہ قائم ہے جس میں فیس کا تعین مریض کی استطاعت کے مطابق کیا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ کوئی مریض محض استطاعت نہ ہونے کے سبب علاج سے محروم نہ رہے۔ کچھ مریض جو دوا خریدنے کی بھی استطاعت نہیں رکھتے انہیں ہسپتال کے دوا خانہ سے مفت ادویات فراہم کی جاتی ہیں۔


جنسی صحت کی طبی' نفسیاتی اور اسلامی معلومات پر مبنی کتاب

نوجوانوں کے خصوصی مسائل'

شادی سے پہلے ــ شادی کے بعد

طبع چہارم

مصنف :-مشہور ماہر نفسیات:-**ڈاکٹر سیّد مبین اختر**

(ایم۔ بی۔ بی۔ ایس) رکن ادارہ برائے نفسیاتی' اعصابی امراض (امریکہ)

ناشر

و تقسیم کنندہ

**کراچی نفسیاتی ہسپتال**

ناظم آباد نمبر 3 کراچی

فیکس :6646648

فون 6610366-6612187

# کراچی نفسیاتی ہسپتال کی خصوصیات

(1) نفسیاتی امراض کے جدید اور موثر علاج کی سہولت

(2) جنسی امراض کا موثر علاج

(3) ذہنی علاج کی مشین (E.C.T. Machine) کی تیاری اور فروخت کا انتظام جس سے دوسرے ذہنی معالج بھی مستفید ہو رہے ہیں.

(4) کراچی نفسیاتی ہسپتال کے مجلے کا اجراء جو باقاعدگی سے ملک اور بیرون ملک مقیم ڈاکٹروں کو ارسال کیا جاتا ہے.

(5) ملک کا واحد اسکول جہاں سزا کے بغیر جدید نفسیاتی طریقوں سے تعلیم دی جاتی ہے.

(6) مریضوں کے کوائف کمپیوٹر میں محفوظ رکھے جاتے ہیں.

(7) کتب خانہ LIBRARY جو نفسیات، طب، تعلیم اور مذہب کے موضوعات پر جدید ترین کتب اور جرائد کے وسیع ذخیرہ پر مشتمل ہے.

(8) دواخانہ جہاں سے ادویات ارزاں نرخوں پر دستیاب ہیں.

(9) کالج برائے فزیشن و سرجن سے منظور شدہ.